مسلکہ 10۔

مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں افراد کے قیام کے قوائد وضوابط۔

§ 1۔

1۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھے جانے والے شخص کو فور طور پر مندرجہ ذیل کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے:

1) کہ اس کے حقوق اور ذمہ داریاں کیاہیں، اسے ان قوائد وضوابط سے واقف کر کے۔
مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں داخل کیا جانے والا شخص ان قواعد وضوابط پر دستخط کر کے اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں قیام کے قواعد وضوابط سے واقف ہو گیا ہے؛

2) کہ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں نگرانی کا سامان ہے، جس میں دیکھنے اور ریکارڈ کرنے کا سامان شامل ہے- اگر یہ سامان نصب ہے۔

2۔ داخل شخص مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں زیادہ سے زیادہ 6 گھنٹے رہ سکتا ہے۔

3۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں داخل پولش زبان نہ بولنے والے شخص کو مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں اس کے قیام سے متعلق معاملات کے لیے مترجم کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

4۔ اگر مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں داخل شخص سے اس کے شعور میں خلل کی وجہ سے، جیسے کہ نشے کے سبب، رابطہ مشکل ہو تو پیرے 1 میں بیان کردہ سرگرمیاں شعور کے خلل ختم ہو جانے کے بعد انجام دی جانی چاہئیں۔

5۔ اگر زیر حراست شخص کو، اس کے شعور کے خلل کے سبب رابطہ مشکل ہونے کی وجہ سے، مجموعہ ضابطہ فوجداری یا دیگر قوانین کے تحت اس کے حقوق سے آگاہ نہیں کیا گیا ہے، تو اسے ان حقوق سے شعور کے خلل ختم ہونے کے بعد آگاہ کیا جاتا ہے۔ زیر حراست شخص حراست میں لئے جانے کے ریکارڈ پر دستخط کر کے اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ اپنے حقوق سے واقف ہو گیا ہے۔

§ 2

1۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھا جانے والا شخص اپنا پورا نام، والد کا نام، پیدائش کی جگہ اور تاریخ، مستقل پتا یا قیام کی جگہ کا پتہ اور اپنی صحت کی حالت کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

2۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھے جانے والے شخص کی تلاشی لی جاتی ہے۔

§3

1۔ §2 کے پیرے 2 میں بیان کردہ تلاشی کے دوران شخص پر ملی اور اس سے لی گئی چیزیں ان کی تفصیلات کے ساتھ امانت کے پرچے میں درج کی جاتی ہیں۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں داخل کیا جانے والا شخص اور امانت کے پرچے میں چیزوں کو درج کرنے والا پولیس کا اہلکار دونوں امانت کے پرچے پر دستخط کرتے ہیں۔

2۔ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھے جانے والے شخص کے امانت کے پرچے پر دستخط کرنے سے انکار یا دستخط کرنے کی نااہلی کا بیان امانت کے پرچے پر لکھنا چاہیے، اور اس سرگرمی پر موجود دوسرا پولیس کا اہلکار اپنی موجودگی کی تصدیق کے لیے امانت کے پرچے پر دستخط کرتا ہے۔

3۔ (منسوخ کردیا گیا)

4۔ §2 کے پیرے 2 میں بیان کردہ تلاشی کے دوران شخص سے لی گئی چیزیں مختصر مدّت کے لئے حوالات کمرے میں اس کے قیام کے دوران اسے واپس نہیں دی جا سکتی ہیں۔

§ 4 مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں داخل شخص کو اس کی نگرانی کرنے والے پولیس کے اہلکار کے ذریعے اشارہ کردہ کمرے میں جانا چاہئے، اور:

1) الگ جنس کے افراد الگ الگ کمروں میں رکھے جاتے ہیں؛

2) شراب کا نشہ اتارنے لے لئے لائے ہوئے افراد کو اور نشے میں نہ ہونے والے افراد کو الگ الگ کمروں میں رکھا جاتا ہے؛

3) اٹھارہ سال سے کم عمر افراد کو اور بالغ افراد الگ الگ کمروں میں رکھے جاتے ہیں۔

§ 5 مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھے ہوئے شخص کو مندرجہ ذیل کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے:

1) کہ ان قوائد و ضوابط کی تعمیل کرنا لازمی ہے؛

2) کہ اس کی نگرانی کرنے والے پولیس اہلکار کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہے؛

3) کہ معاشرے کے طور پر مل جل کر رہنے کے عام اصولوں کی تعمیل کرنی چاہئے؛

4) اپنی ذاتی حفظان صحت اور مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے؛

5) مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے کا سامان اس کے مطلوبہ مقصد کے مطابق استعمال کرنا چاہئے؛

6) کہ انسان کی جان یا صحت کو کسی بھی خطرے، مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے کے سامان کے نقصان یا دیگر کسی قسم کے خطرناک واقعے کی اطلاع پولیس اہلکار کو فوری طور پر دینا لازمی ہے۔

§ 6 مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھا گیا شخص اپنے کپڑے، انڈرویر اور جوتے استعمال کرتا ہے۔

§ 7 مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رکھے ہوئے شخص کو مندرجہ ذیل امکانات فراہم کئے جاتے ہیں:

1) ڈاکٹر کی نگہداشت کا استعمال ممکن ہے؛

2) ذاتی حفظانِ صحت کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری سہولیات اور صفائی کی مصنوعات کا استعمال ممکن ہے؛

3) متعین جگہ پر سگریٹ نوشی ممکن ہے، وزیر داخلہ کا ماتحت احاطوں اور افراد کی نقل وحمل کے ذرائع میں تمباکو کی مصنوعات کے استعمال کے لیے تفصیلی شرائط کے بارے میں ضوابط کے مطابق، جب تک اس سے مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رہنے والے افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کے مقصد سے پولیس کے اہلکاروں کے سرکاری فرائض کی انجام دہی میں مداخلت نہ ہو؛

4) ڈاکٹر کی طرف سے تجویز کردہ ادویات لینا ممکن ہے، جو صرف ڈاکٹر کی رضامندی سے اور اس کے ساتھ کیے گئے انتظامات کے مطابق فراہم کی جاسکتی ہیں؛ مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے میں رہنے والے شخص کو ادویات ڈاکٹر یا پولیس کا اہلکار فراہم کرتا ہے، ڈاکٹر کے ساتھ کیے گئے انتظامات کے مطابق؛

5) مختصر مدّت کے لئے حوالات کے کمرے کے ذمہ دار پولیس کے اہلکار کے ذریعے کمرے کے انچارج پولیس کے تنظیمی اکائی کے سربراہ کو شکایات اور درخواستیں دائر کرنے کا امکان ہے۔

§ 8 (منسوخ کر دیا گیا)